مولانا عبدالقیوم حقانی



دارالعلوم کے

شب و روز

ختم بخاری برائے ایصال ثواب و رفع مشکلات | ۲۰ نومبر کو ختم بخاری کی تقریب منعقد ہوئی۔ دارالعلوم کے فاضل اساتذہ اور طلباء دارالحدیث میں جمع ہوئے۔ اور بخاری شریف کا ختم کیا گیا۔ حضرت حکیم الاسلام قاری محمد طیب صاحب، حضرت علامہ شمس الحق افغانی۔ مولانا عبدالحلیم زرولوی و جملہ اکابر دیوبند اور امت مسلمہ کی روحوں کو ایصال ثواب کیا گیا۔ دارالعلوم کے فضلاء، معاونین، منتظمین و متعلقین سب کی ترقی درجات کی دعائیں کی گئیں اس موقعہ پر حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے مختصر خطاب بھی فرمایا جو قریبی اشاعت میں شریک کر دیا جائے گا۔

نادیۃ الادب کی ایک تربیتی تقریب | طلباء کی علمی و عملی تحریری و تقریری۔ ذہنی اور فکری اور مطالعاتی صلاحیتوں کو ابھارنے اور جلا دینے کی غرض سے "نادیۃ الادب" کی ایک تربیتی تقریب منعقد ہوئی جس کی تین نشستیں ہوئیں۔

۷ر دسمبر کو بعد از نماز عشاء حضرت العلامہ مولانا قاضی عبدالکریم صاحب کلاچی نے جہاد اکبر کے موضوع پر اسلاف امت اور اکابر علماء دیوبند کے علمی و عملی اور روحانی ترقیات و مراتب اور جہاد بالنفس کے عبرت انگیز واقعات اور مؤثر تاریخ بیان فرمائی۔ اور طلباء کو اپنے اسلاف کی طرح خلوص وللہیت اختیار کرنے کی دلنشین انداز سے تلقین کی جب کہ اسی روز بعد العصر مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی (فیصل آباد) نے حضرت شیخ الہند اور اکابر علماء دیوبند کے عظیم تاریخی کردار کے عنوان پر خطاب فرمایا۔ دوسرے روز ۸ دسمبر کو تیسرے اجلاس میں مولانا عبداللطیف صاحب (جہلم) نے خلافت راشدہ کے موضوع پر سیر حاصل عالمانہ بحث کی۔ اور موجودہ دور میں اس مسئلہ کی ضرورت و اہمیت پر روشنی ڈالی۔ ہر سہ حضرات نے حضرت شیخ الحدیث مدظلہ سے ملاقات بھی کی۔

تربیتی کورس | ۲۰-۲۱ر دسمبر حسب سابق اس سال بھی رورل اکیڈمی پشاور کے زیر اہتمام ملک بھر سے چاروں صوبوں اور مختلف اضلاع کے ۲۳ بڑے آفیسرز دو روز کے تربیتی پروگرام پر دارالعلوم تشریف لائے اور یہاں کے دئے ہوئے مرتب پروگرام کے مطابق علمی استفادہ کرتے رہے۔ مولانا سمیع الحق صاحب کے درس ترمذی میں شرکت کی غرض سے دورۂ حدیث کے طلبا کے ساتھ چٹائیوں پر گھلے ملے بیٹھے رہے۔ اس کے علاوہ